CITY OF WOLVERHAMPTON COUNCIL

کیا آپ تعلیمی مدت کے دوران اپنے بچے کو اسکول سے غیر حاضر رکھنے کے بارے میں سوچ رہے ہیں؟

نیا قومی فریم ورک برائے سزا کے نوٹسز

wolverhampton.gov.uk

نیا قومی فریم ورک برائے سزا کے نوٹسز

نئے قومی فریم ورک برائے سزا کے نوٹسز کے متعارف ہونے کے بعد اب، اسکول کی جانب سے ریکارڈ کردہ بلا اجازت تعطیلات کے لیے جاری کردہ سزا کے نوٹس کے جرمانوں میں درج ذیل تبدیلیاں **19 اگست 2024** کے بعد سے لاگو ہو جائیں گی۔

کس سے جرمانہ لیا جائے گا؟

سزا کے نوٹس کے جرمانے ہر اس والد/والدہ پر عائد کیے جائیں گے جو اپنے بچے کو اسکول سے غیر حاضر ہونے کی اجازت دیتے ہیں۔

مثال کے طور پر: تین بہن بھائی تعلیمی مدت کے دوران رخصت کے لیے غیر حاضر ہوں تو اس کے نتیجے میں چھٹی کی اجازت دینے والے ہر ایک والد/والدہ کو تین الگ الگ جرمانے موصول ہوں گے۔

قومی حدِ اثر

سزا کے نوٹس کو زیرغور لانے کے لیے ایک مستقل قومی حدِ اثر موجود ہو گی جو انگلینڈ کے تمام اسکولوں میں 10 تعلیمی ہفتوں کی مدت کے دوران (عموماً پانچ تعلیمی دنوں کے مساوی) 10 سیشنز کی بلا اجازت غیر حاضری پر زیرِ غور آئے گی۔

مثال کے طور پر:

پانچ دن کی رخصت قومی حدِ اثر کو پورا کر دے گی۔

10 ہفتوں کی تعلیمی مدت مختلف مدتوں یا تعلیمی سال پر محیط ہو سکتی ہے۔

پہلی نافرمانی

کسی بلا اجازت غیر حاضری کے لیے پہلی دفعہ جاری کیے گئے سزا کے نوٹس پر جرمانے کی رقم ہو گی:

- **£80 فی والد/والدہ،** فی بچہ 21 دنوں کے اندر ادا کیے جانے کی صورت میں۔
- اگر 22-28 دنوں کے اندر ادا کیا گیا تو **£160** تک اضافہ۔

دوسری نافرمانی (3 سالوں میں)

بلا اجازت غیر حاضر ہونے کے لیے دوسری بار جاری کردہ سزا کے نوٹس کی رقم ہو گی:

- **£160 فی والد/والدہ** (جنہوں نے چھٹی کرنے کی اجازت دی)، فی بچہ، 28 دنوں میں قابل ادائیگی۔

تیسری نافرمانی اور مزید کوئی نافرمانی (3 سالوں کے اندر) تیسری دفعہ کوئی نافرمانی کی گئی تو سزا کا نوٹس جاری نہیں کیا جائے گا اور مقامی اتھارٹیز غیر حاضری کے خدشات کو حل کرنے کے لیے دیگر دستیاب اقدامات کو زیر غور لائیں گی۔ اس سے مراد ہو سکتا ہے کہ ان کیسز کو مجسٹریٹ کی عدالت کے سامنے پیش کیا جائے۔ عدالتی کارروائی کا نتیجہ مجرمانہ ریکارڈز قائم ہونے کی صورت میں نکل سکتا ہے اور **£2,500 تک** جرمانہ لاگو ہو سکتا ہے۔

مجسٹریٹ کی عدالت میں مرتکب ٹھہرائے گئے کیسز کو 'بچے کی حاضری کو باقاعدہ بنانے میں ناکامی' کی وجہ سے والد/والدہ کے مستقبل کے DBS سرٹیفکیٹ پر دکھایا جا سکتا ہے۔

جزوی ادائیگیاں یا ادائیگیوں کے منصوبہ جات دستیاب نہیں ہیں اور جرمانہ سزا کے نوٹس میں واضح کردہ شرح کے مطابق مکمل طور پر 21 یا 28 دنوں میں ادا کیا جانا لازم ہے۔

اگر آپ کو مزید معلومات چاہیئے، تو براہ کرم **حاضری کی ٹیم** سے بذریعہ ای میل **attendanceandinclusion@wolverhampton.gov.uk** رابطہ کریں

آپ 155 551 01902 پر کال کر کے یا translations@wolverhampton.gov.uk پر ای میل کر کے بڑے حروف، بریل، آڈیو یا کسی اور زبان میں یہ معلومات حاصل کر سکتے ہیں

اپنی دلچسپی کے حامل معاملات سے منسلک رہیں –
کونسل کی ای میل اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں! اس **QR کوڈ** کو فالو کریں
یا **mycouncil@wolverhampton.gov.uk** *پر رابطہ کریں*

WolverhamptonToday Wolverhampton_Today @WolvesCouncil

City of Wolverhampton Council, Civic Centre, St. Peter’s Square, Wolverhampton WV1 1SH

WCC 846 07/2024